# സാമ്പിൾ ചോദ്യപ്പേപ്പർ

## ഉറുദു

STANDARD X URDU

## پیمانۂ ڈسکورس

### Weightage to Discourses

| فی صدی | نشان | تعدادِ سوالات | ڈسکورس | نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 20 | 10 | 4 | نظم | 1 |
| 16 | 8 | 4 | گفتگو | 2 |
| 20 | 10 | 4 | حکایت | 3 |
| 8 | 4 | 1 | سفرنامہ | 4 |
| 12 | 6 | 2 | خط/لطیفہ | 5 |
| 6 | 4 | 1 | تقریر | 6 |
| 10 | 4 | 1 | رپورٹ/اعلان | 7 |
| 8 | 4 | 1 | انشائیہ | 8 |
| 100 | 50 | 18 | کل | |

### Weightage to Form of Questions

## پیمانۂ طرزِ سوالات

| فی صدی | نشان | تعدادِ سوالات | طرزِ سوالات | نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 6 | 3 | 3 | حقیقی | 1 |
| 20 | 10 | 5 | قصیری | 2 |
| 74 | 37 | 10 | انشائی | 3 |
| 100 | 50 | 18 | کل | |

## خاکہ سوالات BLUE PRINT

| نمبر | ڈسکورس | حقیقی | قصیری | انشائی | کل |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نظم | | 2(4) | 2(6) | 4(10) |
| 2 | گفتگو | 2(2) | 1(2) | 1(4) | 4(8) |
| 3 | حکایت | 1(1) | 1(2) | 2(7) | 4(10) |
| 4 | سفرنامہ | | | 1(4) | 1(4) |
| 5 | خط/لطیفہ | | 1(2) | 1(4) | 2(6) |
| 6 | تقریر | | | 1(4) | 1(4) |
| 7 | رپورٹ/اعلان | | | 1(4) | 1(4) |
| 8 | انشائیہ | | | 1(4) | 1(4) |
| | کل | 3(3) | 5(10) | 10(37) | 18(50) |

# نصابی تشریحات

## نظم

- رسالوں اور کتابوں کی مختلف نظمیں، غزلیں وغیرہ پڑھ کر لطف اندوز ہونا۔
- نظم کا مطلب اپنے الفاظ میں پیش کرنا۔
- پسندیدہ موضوع پر چند مصرعے لکھنا۔

## گفتگو

- روزمرّہ زندگی سے متعلقہ گفتگو سمجھنا۔
- روزمرّہ زندگی سے متعلقہ گفتگو موثر طریقہ سے کرنا۔
- پسندیدہ ماحول یا موضوع کے پیش نظر گفتگو کرنا۔
- محل اور موقع کی مناسبت سے رسمی زبان کا مؤثر طور پر استعمال کرنا۔

## حکایت

- تفہیم مطلب کے ساتھ حکایت پڑھنا۔
- اشاروں کی مدد سے حکایت تیار کرکے پیش کرنا۔

## سفرنامہ

- مختلف سفرنامے مطلب کے ساتھ پڑھنا۔
- سفرنامہ تیار کرکے پیش کرنا۔

## خط

- مختلف قسم کے خطوط مطلب فہمی کے ساتھ پڑھنا۔
- روزمرّہ زندگی سے متعلقہ خطوط تیار کرنا۔

## لطیفہ

- لطیفے پڑھ کر لطف اندوز ہونا۔

## تقریر

- محفلوں اور جلسوں میں محل وموقع کے مطابق مؤثر طریقے سے تقریر کرنا۔

## اعلان

- نوٹیس، پوسٹر، اشتہار وغیرہ کا مفہوم سمجھنا۔

## انشائیہ

- مختلف انشائیے مطلب فہمی کے ساتھ پڑھنا۔

SAMPLE QUESTION PAPER 2006-07

STD X

URDU

Marks : 50

Time : 1.5

1 مرزا غالب غزل کے بادشاہ ہیں۔ دو مشہور غزل گو شاعروں کے نام لکھیے اور ان پر دو جملے لکھیے۔ 2

2 آخر میں راجا وکرماجیت سے کسان کہتا ہے ''مہاراج مجھے معاف کیجیے انجانے سے بڑا پاپ ہو گیا''

اس کے بعد راجا اور کسان کے درمیاں کیا گفتگو ہوئی ہوگی (کم از کم چھ جملے لکھیے) 4

راجا :

کسان :

راجا :

کسان :

راجا :

کسان :

3 نیچے ایک کہانی دی گئی ہے۔ اسے غور پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

جنگل میں ہاتھیوں کا ایک جھنڈ رہتا تھا۔ سارے ہاتھی ایک ساتھ چلتے پھرتے اور کھیلتے رہتے تھے۔ ایک دن وہ نہانے کے لیے ندی کی طرف چلے۔ ایک چھوٹا ہاتھی پیچھے رہ گیا۔ وہ ندی کا راستہ نہیں جانتا تھا۔ وہ ادھر ادھر گھومتا رہا۔ یکا یک ایک گڑھے میں وہ دھڑام سے گر پڑا۔ بچاؤ! بچاؤ! وہ رونے لگا۔ بچے کے رونے کی آواز سن کر سارے ہاتھی اس کے پاس آ گئے۔

۱) اس کہانی کے لیے ایک عنوان دیجیے۔

۲) ہاتھی کا بچہ اکیلا ہو گیا کیوں؟

4 بچّو ! سفر کے واقعات ہم ہمیشہ یاد کرتے ہیں۔ پسندیدہ سفر کے بارے میں لکھیے۔ 4

5 اردو میں بہت نعتیہ نظمیں لکھی گئی ہیں۔ آپ کا پسندیدہ ایک شعر لکھیے۔ 2

6 نیچے دائروں کے اندر تین موضوع دیے ہیں۔ کسی ایک پر کم از کم چار مصرعے لکھیے۔ 3

بھارت | پھول | ندی

جیسے : (بھارت) بھارت ہم کو پیارا ہے

سارے جگ سے اچھا ہے

(پھول) پیارے بچو نیارے بچو

دیکھو کیسے پھول کھلے

(ندی) ندیاں اجلی ستھری ہیں

کھیل رہی ہیں وادی میں

7 'راجا ہو تو کیا ہوا' اس سبق کے لیے کوئی اور عنوان تجویز کیجیے۔ 1

8 نیچے چند اشارے دیے گئے ہیں ۔ ان کی مدد سے ایک چھوٹی کہانی لکھیے۔ (کم از کم آٹھ جملے لکھیے) 4

- کسان بہت مایوس تھا............
- ایک دن کسان کے گھر میں ایک آدمی آیا............
- وہ سوچنے لگا کہ بیوی بچّوں کو لے کر کہاں جاؤں؟
- آخر وہ خوشی سے زندگی گزارنے لگے۔

9 حضرت طلحہؓ کی آنکھیں بھر آئیں۔ اگر اس وقت طلحہؓ کی ملاقات کسی دوست سے ہوئی تو وہ حضرت عمرؓ کے بارے میں کیا کیا بتاتے؟ (کم از کم دو جملے لکھیے) 2

10 بیربل کے بنا اکبر کا دربار سونا سونا سا لگتا تھا۔ کیوں؟ 2

11 اگلے مہینے میں آپ کی بڑی بہن کی شادی ہونے والی ہے ۔آپ کی دوست کے نام
ایک خط لکھیے ۔ 4

12 'آج میری باری ہے' اس کہانی کا کون سا کردار اچھا لگا؟ کیوں؟ 1

13 بچّو! آپ نے مولوی عبدالحق کی تقریر سنی ہے نا؟ آپ کو اسکول میں یومِ اردو کے پروگرام میں
اردو زبان کی اہمیت پر تقریر کرنے کا موقعہ ملے تو آپ کی تقریر کیا ہوگی (کم از کم چھ جملے) 4

14 ذیل کے اشعار غور سے پڑھیے اور کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

محفوظ نہیں ہے کوئی ایک گوشہ بھی
انسان سکون پسند اب جائے کہاں

یا

کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لیے
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

15 بڑی بہن حالی سے کہتی ہے "بھیّا کب تک پڑھتے رہو گے خیر بچے کا باپ ہوا۔
اب بھی کسی بات کی فکر نہیں؟ بہن ایسا کیوں کہتی ہیں دو جملوں میں لکھیے ۔ 2

16 آپ کے اسکول میں یوم اردو منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس پروگرام کے لیے
ایک نوٹیس تیار کیجیے۔ 4

17 "وہ بوجھ اٹھانے والے گدھے ہیں۔ جن پر علم وفضل کی کتابوں کا بوجھ لدا ہوا ہے" اس قول پر
آپ کے خیالات پیش کیجیے۔ (کم از کم چار جملے) 4

18 "اب تم ہی سہارا لگاؤ تو یہ گاڑی چلے گی" یہ کس نے کہا؟ 1

# اشارے برائے جانچ وجائزہ۔دسویں جماعت

SCORING KEY STANDARD X

| نمبر | اشارے برائے جانچ وجائزہ | | نشان |
|---|---|---|---|
| 1 | ایک غزل گوشاعر کا نام | ½ | 2 |
| | دو جملے | 2x½=1 | |
| 2 | موضوع | 1 | 4 |
| | مناسب زبان | 1 | |
| | تخیّل | 1 | |
| | جامعیت | 1 | |
| 3 | موضوع | 1 | 3 |
| | مناسب زبان | 1 | |
| | تخیّل | 1 | |
| 4 | موضوع | 1 | 4 |
| | مناسب زبان | 1 | |
| | تخیّل | 1 | |
| | جامعیت | 1 | |
| 5 | موضوع | 1 | 2 |
| | ادب | 1 | |
| 6 | موضوع | 1 | 3 |
| | تخیّل/جدّت | 1 | |
| | موزونیت | 1 | |

| نشان | اشارے برائے جانچ و جائزہ | | نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | ½ | موضوع | 7 |
| | ½ | تخیل/جدّت | |
| 4 | 1 | موضوع | 8 |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | 1 | تخیّل | |
| | 1 | جامعیت | |
| 2 | ½ | موضوع | 9 |
| | ½ | مناسب زبان | |
| | ½ | تخیّل | |
| | ½ | جامعیت | |
| 2 | ½ | مناسب زبان | 10 |
| | ½ | موضوع | |
| | ½ | تخیّل | |
| | ½ | جامعیت | |
| 4 | 1 | خط کے اجزاء | 11 |
| | 1 | موضوع | |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | 1 | جامعیت | |
| 1 | ½ | موضوع | 12 |
| | ½ | مناسب زبان | |

| نشان | اشارے برائے جانچ وجائزہ | | نمبر |
|---|---|---|---|
| 4 | 1 | موضوع | 13 |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | 1 | تخیّل | |
| | 1 | جامعیت | |
| 3 | 1 | موضوع | 14 |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | ½ | تخیّل/جدّت | |
| | ½ | جامعیت | |
| 2 | ½ | موضوع | 15 |
| | ½ | مناسب زبان | |
| | ½ | تخیّل/جدّت | |
| | ½ | جامعیت | |
| 4 | 1 | موضوع | 16 |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | 1 | جامعیت/تخیّل | |
| | 1 | دلکشی/جدّت | |
| 4 | 1 | موضوع | 17 |
| | 1 | مناسب زبان | |
| | 1 | تخیّل/جدّت | |
| | 1 | جامعیت | |
| 1 | 1 | امداد حسین | 18 |

# تحلیل پرچہ سوالات

**Question paper Analysis**

| نمبر | ڈس کورس | طرزِ سوالات | نشان | وقت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | نظم | قصیری | 2 | 4mts |
| ۲ | گفتگو | انشائی | 4 | 6 |
| ۳ | حکایت | انشائی | 3 | 6 |
| ۴ | سفرنامہ | انشائی | 4 | 6 |
| ۵ | نظم | قصیری | 2 | 4 |
| ۶ | نظم | انشائی | 3 | 6 |
| ۷ | گفتگو | حقیقی | 1 | 3 |
| ۸ | حکایت | انشائی | 4 | 7 |
| ۹ | حکایت | قصیری | 2 | 4 |
| ۱۰ | لطیفہ | قصیری | 2 | 4 |
| ۱۱ | خط | انشائی | 4 | 6 |
| ۱۲ | حکایت | حقیقی | 1 | 3 |
| ۱۳ | تقریر | انشائی | 4 | 6 |
| ۱۴ | نظم | انشائی | 3 | 6 |
| ۱۵ | گفتگو | قصیری | 2 | 4 |
| ۱۶ | اعلان | انشائی | 4 | 6 |
| ۱۷ | انشائیہ | انشائی | 4 | 6 |
| ۱۸ | گفتگو | حقیقی | 1 | 3 |
| کل | | | 50 | 90 |